فتوی نمبر: 21

حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ پر بہتان کہ وہ اللہ تعالیٰ کے مختلف اشیاء سے مل کر بننے کے قائل تھے

www.seerat.net

سوال: 21 کیا حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اس بات کے قائل تھے کہ اللہ تعالیٰ مختلف چیزوں سے مل کر بنا ہے؟ بظاہر تو یہ جملہ کفر ہے اور اگر انھوں نے ایسے فرمایا ہے تو اس بات کی تشریح فرمادیں۔

جواب: یہ جملہ بلاشک وشبہ کفر ہے اور حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ ایسا بے ہودہ جملہ کیسے فرماسکتے تھے؟ ایسی کوئی بات نہ تو حضرت امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی کتابوں میں ملتی ہے اور نہ ہی ان کے کسی ایک شاگرد نے بھی ان سے نقل کی ہے حالانکہ ان کے شاگرد ان کے فتاویٰ اور مسلک کو سب سے زیادہ جاننے والے تھے۔

وما روي أن أبا حنيفة رَضِيَ ٱللَّهُ عَنْهُ كان يقول إن الله تعالى ماهية لايعلمها إلا هو ليس بصحيح إذ لم يوجد في كتبه ولم ينقل من أصحابه العارفين بمذهبه ولو ثبت فمعناه أنه يعلم نفسه بالمشاهدة لابدليل أو خبر أو أن له اسما لايعلمه غيره فإن لفظة ما قد تقع سوء إلا عن الإسم قال الشيخ أبو منصور رَحِمَهُ ٱللَّهُ إن سألنا سائل عن الله تعالى ما هو قلنا أن أردت ما اسمه فالله الرّحمٰن الرّحيم وإن أردت ما

فتوی نمبر: 21

صفته فسميع بصير وإن أردت ما فعله فخلق المخلوقات ووضع كل شيء موضعه وإن أردت ما ماهيته فهو متعال عن المثال والجنس.[1]

(1) شرح المقاصد في علم الكلام، المبحث الثاني: أنه تعالى ليس بجسم ولا جوهر ولا عرض، ج: 2، ص: 68

www.seerat.net